# ماڈیول ۴

## حدیث نمبر 1

یہ حدیث حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ سے مروی ہے، جو فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: بے شک سارے اعمال کا دار و مدار نیتوں پر ہے، اور ہر شخص کے لیے وہی ہے جس کی اس نے نیت کی۔ جس کی ہجرت اللہ اور اس کے رسول ﷺ کے لیے ہو، تو اس کی ہجرت اللہ اور اس کے رسول ﷺ کے لیے ہے۔ اور جس کی ہجرت دنیا حاصل کرنے یا کسی عورت سے نکاح کرنے کے لیے ہو، تو اس کی ہجرت اسی کے لیے ہے جس کے لیے اس نے ہجرت کی۔

## عمر بن خطاب کا مختصر تعارف

عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ مشہور صحابہ میں سے ایک ہیں۔ آپ کا نام " عمر"، والد کا نام " الخطاب"، کنیت " ابو حفص"، اور لقب "امیر المؤمنین " ہے۔ آپ نے مکہ میں اسلام قبول کیا، جس کے ذریعے اللہ نے مسلمانوں کو عزت دی کیونکہ آپ بہادر، مالدار اور معزز شخصیت تھے۔ عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نبی ﷺ کے قریبی مشیر تھے۔ اللہ نے ان کو " الفاروق "کا لقب دیا، جس کا مطلب ہے حق اور باطل میں فرق کرنے والا۔ خلافت کے لیے پہلی بار " امیر المؤمنین "کا لقب آپ کے لیے استعمال ہوا۔ عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کی اولاد میں عبد اللہ بن عمر مشہور صحابی اور عالم تھے۔ آپ کی بیٹی حفصہ، نبی ﷺ کی زوجہ اور ام المؤمنین تھیں۔

## نیت اور عمل کی قبولیت

اس حدیث سے ہمیں معلوم ہوتا ہے کہ ہر عمل کی قبولیت کا دار و مدار نیت پر ہے۔ اگر نیت خالص ہو، یعنی اللہ کی رضا کے لئے ہو، تو عمل قبول ہو گا۔ ورنہ اگر ریاکاری یا دنیاوی مفاد کی نیت ہو تو عمل مردود ہو جاتا ہے۔ اس سے یہ بھی ثابت ہوتا ہے کہ نیت سے عمل کا ثواب بڑھایا یا گھٹایا جا سکتا ہے۔

## نیت کی جگہ دل میں ہے

نیت دل کا عمل ہے، اس کا محل دل ہے۔ زبان سے نیت کرنا لازم نہیں، بلکہ دل میں ارادہ کرلینا کافی ہے۔ مثال کے طور پر نماز کے وقت دل میں نیت کرنا کہ میں اللہ کے لئے نماز ادا کررہا ہوں، یہ کافی ہے۔

## ہجرت کی مثال

رسول اللہ ﷺ نے نیت کی وضاحت کے لئے ہجرت کی مثال دی۔ اگر کسی کی ہجرت اللہ اور اس کے رسول کی رضا کے لئے ہو تو وہ ہجرت قبول ہوگی، لیکن اگر دنیاوی مفاد، مثلاً مال یا نکاح کے لئے ہو تو ہجرت کا ثواب نہیں ملے گا۔

## ہجرت کے شرعی معنی

ہجرت ایک شرعی اصطلاح ہے، جس کا مطلب ہے کہ انسان کفر کے علاقے سے اسلام کے علاقے کی طرف ہجرت کرے۔ آج کل لوگ مہاجرت کو عمومی معنی میں استعمال کرتے ہیں، جیسے کسی دوسرے ملک میں معاشی مواقع کے لئے جانا، لیکن یہ شرعی ہجرت نہیں ہے۔

## اعمال اور نیت کا تعلق

اس حدیث کا خلاصہ یہ ہے کہ نیت سے ہر عمل کی کیفیت طے ہوتی ہے۔ نیت اگر اللہ کی رضا کے لئے ہو، تو وہ عمل عبادت بن جاتا ہے، ورنہ دنیاوی کام ہی شمار ہوتا ہے۔ حتیٰ کہ روزمرہ کے کاموں میں بھی اگر نیت اچھی ہو، تو وہ عمل نیکی میں تبدیل ہو جاتا ہے۔

## نیت کی اہمیت

ایک چھوٹا سا عمل نیت کی وجہ سے بڑا ہو جاتا ہے، اور ایک بڑا عمل نیت کی کمی کی وجہ سے چھوٹا ہو جاتا ہے۔ اس حدیث کی اہمیت کا اندازہ اس سے بھی لگایا جا سکتا ہے کہ امام بخاری اور امام نووی نے اپنی کتابوں کا آغاز اسی حدیث سے کیا۔

## Hadith number 1

Yeh hadith Hazrat Umar bin Khattab رضی اللہ عنہ se riwayat ki gayi hai, jo farmatay hain ke Rasoolullah ﷺ ne farmaya : Behsak sare amaal ka dar-o-madaar niyyaton par hai, aur har shakhs ke liye wahi hai jo usne niyyat ki. Jo shakhs Allah aur uske Rasool ﷺ ke liye hijrat kare, to uski hijrat Allah aur uske Rasool ﷺ ke liye hai. Aur jo shakhs duniya haasil karne ya kisi aurat se nikah karne ke liye hijrat kare, to uski hijrat usi ke liye hai jis ke liye usne hijrat ki.

## Umar Ibn Khattab ka Mukhtasir Taaruf

Umar ibn Khattab رضی اللہ عنہ mashhoor sahaba mein se ek hain. Aap ka naam "Umar," walid ka naam "Al-Khattab," kuniyat "Abu Hafs," aur laqab "Ameer ul-Mu'mineen" hai. Aap ne Makkah mein Islam qabool kiya, jiske zariye Allah نے musalmano ko izzat di kyun ke aap bahadur, maal-dar aur maqbool shakhsiyat thay. Umar ibn Khattab رضی اللہ عنہ Nabi ﷺ ke qareebi mushir the.Allah ne unko "Al-Farooq" ka laqab diya, jo haqq aur baatil mein farq karne ka matlab rakhta hai. Aap ke liye "Ameer ul-Mu'mineen" ka laqab pehli baar istemal hua. Umar ibn Khattab کی aulaad mein Abdullah ibn Umar mashhoor sahabi aur alim thay. Aap ki beti Hafsa, Nabi ﷺ ki zaujah aur Umm-ul-Mu'mineen thi.

## Niyyat aur Amal ki Qubooliyat

Is hadith se humein maloom hota hai ke har amal ki qubooliyat ka dar o madar niyyat par hai. Agar niyyat khalis ho, yani Allah ki raza ke liye ho, to amal qubool ho ga. Warna agar riya kaari ya dunyawi maqsad ki niyyat ho to amal qubool nahi hota hai. Is se yeh bhi sabit hota hai ke niyyat se amal ka sawab barhaya ya ghataya ja sakta hai.

## Niyyat ki Jagah Dil Mein Hai

Niyyat dil ka amal hai, iska mahal dil hai. Zubaan se niyyat karna laazim nahi, balki dil mein iraada kar lena kafi hai. Misaal ke tor par namaz ke waqt dil mein niyyat karna ke main Allah ke liye namaz ada kar raha hoon, yeh kafi hai.

## Hijrat ki Misaal

Rasoolullah ﷺ ne niyyat ki wazahat ke liye hijrat ki misaal di. Agar kisi ki hijrat Allah aur uske Rasool ki raza ke liye ho to wo hijrat qubool ho gi, lekin agar dunyawi maqsad, maslan maal ya nikaah ke liye ho to hijrat ka sawab nahi milega.

## Hijrat ke Shar'i Ma'ni

Hijrat ek shar'i istilah hai, jiska matlab hai ke insaan kufr ke ilaqe se Islam ke ilaqe ki taraf hijrat kare. Aaj kal log muhajireen ko aam ma'ni mein istemal karte hain, jaise kisi dosray mulk mein maashi muwaqey ke liye jana, lekin yeh shar'i hijrat nahi hai.

## Aamaal aur Niyyat ka Talluq

Is hadith ka khulasa yeh hai ke niyyat se har amal ki kefiat tay hoti hai. Niyyat agar Allah ki raza ke liye ho, to wo amal ibadat ban jata hai, warna dunyawi kaam hi shumaar hota hai. Hatta ke rozmarra ke kaamo mein bhi agar niyyat achi ho, to wo amal neki mein tabdeel ho jata hai.

## Niyyat ki Ahmiyat

Aik chota sa amal niyyat ki wajah se bara ho jata hai, aur aik bara amal niyyat ki kami ki wajah se chhota ho jata hai. Is hadith ki ahmiyat ka andaza is se bhi lagaya ja sakta hai ke Imam Bukhari aur Imam Nawawi ne apni kitabon ka aaghaz isi hadith se kiya.